e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
اودھ نامہ
avadhnama
Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 215 Friday , May 09 2025 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر (۲۴) شمارہ نمبر (۲۱۵) لکھنؤ، بروز جمعہ ۹-مئی ۲۰۲۵ء، مطابق ۱۰/ذی القعدہ ۱۴۴۶ھ صفحات -۸

## عصمت دری محض جنسی جرم نہیں بلکہ جارحیت کا جرم ہے

ممبئی، 8 مئی (یو این آئی) بامبے ہائی کورٹ نے عصمت دری کے ایک معاملے میں سزا یافتہ تین افراد کو دی گئی عمر قید کی سزا کو کم کرتے ہوئے 20 سال قید میں تبدیل کر دیا ہے۔ ایک وکیل نے جمعرات کو یہاں اطلاع دی کہ تینوں ملزمان کو سیشن عدالت نے ایک خاتون کے ساتھ اس کی رضامندی کے بغیر جنسی تعلق قائم کرنے کے الزام میں قصوروار قرار دیا تھا۔ جسٹس نتن سوریاونشی اور ایم ڈبلیو چندوانی پر مشتمل ڈویژن بنچ نے اپنے حکم میں سزا کو برقرار رکھتے ہوئے اس کی مدت میں کمی کی اور یہ واضح کیا کہ "جب کوئی عورت نہیں کہتی ہے تو اس کا مطلب نہیں ہوتا ہے"۔ عدالت نے کہا کہ کسی خاتون کی ماضی کی جنسی سرگرمیوں کو بنیاد بنا کر اس کی رضامندی کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا نہیں کا مطلب نہیں اس اصول پر زور دیتے ہوئے بنچ نے اپنے 6 مئی کے فیصلے میں کہا کہ مجرموں کی طرف سے متاثرہ خاتون کے کردار پر سوال اٹھانے کی کوشش کو قبول نہیں کیا جاسکتا۔

## پاکستان کو 'جواب' دینے کے بعد ہندوستان نے بنگلہ دیش پر بھی کسا شکنجہ

نئی دہلی۔ پہلگام حملہ کے بعد ایک طرف ہندوستان نے پاکستان کو 'سخت جواب' دیتے ہوئے 'آپریشن سندور' انجام دیا ہے۔ ساتھ ہی ہندوستان نے بنگلہ دیش پر بھی شکنجہ کس دیا ہے، جو کہ ہند-پاک معاملے میں بیان بازیوں سے باز نہیں آرہا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بدھ کے روز ہندوستان نے 123 دراندازوں کو واپس بنگلہ دیش بھیج دیا ہے۔ ان میں بیشتر روہنگیا طبقہ سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ دراندازسرحد پار کر ہندوستان کے الگ الگ حصوں میں پہنچ گئے تھے۔ ان سبھی کو تلاش کر ہندوستان نے بنگلہ دیش بھیج دیا ہے۔ 'دی ڈیلی اسٹار' کی ایک رپورٹ کے مطابق ہندوستان نے 2 سرحدوں سے ان سبھی دراندازوں کو واپس بنگلہ دیش بھیجا ہے۔ ہندوستان کے اس قدم سے بنگلہ دیش میں ناراضگی ہے۔ بنگلہ دیش کا کہنا ہے کہ جس طرح سے انہیں ملک واپس بھیجا گیا ہے، وہ طریقہ درست نہیں ہے۔

### ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشیدگی میں اضافہ

# ہندوستانی شہروں پر پاکستانی حملے کی کوشش ناکام

## ہندوستانی فوج نے لاہور میں تباہ کیا پاکستان کا ایئر ڈیفنس سسٹم: کرنل صوفیہ قریشی
## پاکستانی گولی باری کے سبب 16 بے قصور لوگوں کی جان چلی گئی: ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ



نئی دہلی۔ 'آپریشن سندور' کے بعد ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشیدگی انتہائی بڑھ گئی ہے۔ 7 مئی کی دیر شب پاکستان نے ہندوستان کے فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، جسے ناکام کر دیا گیا تھا۔ اس کے جواب میں ہندوستان نے آج صبح پاکستان کے کئی مقامات پر ایئر ڈیفنس رڈار کو نشانہ بنایا۔ اس سلسلے میں کرنل صوفیہ قریشی نے آج میڈیا کو اہم جانکاری دی۔ ایک پریس بریفنگ کے دوران انھوں نے کہا کہ "ہم نے آپریشن سندور کے بعد منعقد پریس کانفرنس میں بتایا تھا کہ ہم نے کسی بھی فوجی ٹھکانوے کو نشانہ نہیں بنایا ہے۔ گزشتہ شب پاکستان نے ہندوستان کے کئی فوجی ٹھکانوں پر ڈرون اور میزائل سے حملہ کرنے کی کوشش کی، جسے ناکام کر دیا گیا ہے۔ اس کا ملبہ بھی برآمد ہوا ہے۔" پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کرنل صوفیہ قریشی کہتی ہیں کہ 7 مئی کو آپریشن سندور پر بریفنگ کے دوران ہندوستان نے اپنے ہدف کو مرکوز اور غیر وسعت والا بتایا تھا۔ یہ بھی بتایا تھا کہ پاکستانی فوجی ٹھکانوں کو ہدف نہیں بنایا گیا تھا۔ یہ تنبیہ بھی دی گئی تھی کہ ہندوستان میں فوجی ٹھکانوں پر کوئی بھی حملہ ہوا تو مناسب جواب دیا جائے گا۔ کرنل صوفیہ مزید کہتی ہیں کہ 8-7 مئی کی شب پاکستان نے ڈرون اور میزائلوں سے اونتی پورہ، سری نگر، جموں، پٹھان کوٹ، امرتسر، کپور تھلا، جالندھر، لدھیانہ، آدم پور، بھٹنڈا، چنڈی گڑھ، نل، پھلودی، اترلائی اور بھج سمیت شمالی و مغربی ہند میں کئی فوجی ٹھکانوں کو ہدف بنانے کی کوشش کی۔ انھیں انٹگریٹیڈ کاؤنٹر یو ایس گرڈ اور ایئر ڈیفنس سسٹم سے ناکام کر دیا گیا۔ ان حملوں کے ملبے کئی مقامات سے برآمد کیے جا رہے ہیں، جو پاکستانی حملوں کو ثابت کرتے ہیں۔ پاکستانی حملوں کے جواب میں ہندوستان کے ذریعہ کی گئی کارروائی سے متعلق جانکاری دیتے ہوئے کرنل صوفیہ قریشی بتاتی ہیں کہ "آج صبح ہندوستانی مسلح افواج نے پاکستان میں کئی مقامات پر ایئر ڈیفنس رڈار کو نشانہ بنایا۔ ہندوستان کا ردعمل پاکستان کی طرح ہی یکساں علاقہ میں اور یکساں رفتار کے ساتھ رہا ہے۔ لاہور میں ایک ایئر ڈیفنس سسٹم کو بے اثر کر دیا گیا ہے۔" اس پریس کانفرنس سے ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ اور خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے بھی خطاب کیا۔ ویومیکا سنگھ نے میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ "پاکستان نے جموں و کشمیر کے کپواڑہ، بارہمولہ، اُری، پونچھ، مینڈھر اور راجوری سیکٹرس میں مورٹار اور بھاری کیلیبر آرٹیلری سے ایل او سی پر بے وجہ گولی باری کی رفتار بڑھا دی ہے۔" وہ مزید کہتی ہیں کہ "پاکستانی گولی باری کے سبب 16 بے قصور لوگوں کی جان چلی گئی ہے۔ ان میں 3 خواتین اور 5 بچے شامل ہیں۔ ہندوستان کو پاکستان کی طرف سے مورٹار اور آرٹیلری کی گولی باری کو روکنے کے لیے جواب دینے کو مجبور ہونا پڑا۔"

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان مسلسل کشیدگی کی خبریں سامنے آ رہی ہیں۔ ہندوستانی فوج کی جانب سے پاکستان پر فضائی حملہ کرتے ہوئے 'آپریشن سندور' شروع کیے جانے کے بعد پاکستان مسلسل جوابی کارروائی کی دھمکی دے رہا ہے۔ نیوز پورٹل 'آج تک' پر شائع رپورٹ کے مطابق پاکستان کے سیالکوٹ، لاہور اور ایک اور شہر میں پاکستانی فوج کی ایئر ڈیفنس یونٹ کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ رپورٹس کے مطابق، سیالکوٹ، راولپنڈی، چکوال، بہاولپور، میانوالی، کراچی، اٹک، چور، میانو اور گوجرانوالہ سمیت 15 شہروں میں پاکستانی فضائی دفاعی نظام کو نقصان پہنچا ہے۔ حکومت ہند کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ 8 مئی کی صبح ہندوستانی افواج نے پاکستان کے کئی علاقوں میں ایئر ڈیفنس رڈار اور سسٹمز کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کی اشتعال انگیزی کے جواب میں ہندوستان نے یہ کارروائی کی اور اسے "اسی شدت" سے جواب دیا گیا ہے۔ حکومت ہند کے مطابق، گزشتہ رات یعنی 7 اور 8 مئی کی درمیانی شب پاکستان نے جموں و کشمیر، پنجاب، راجستھان اور گجرات کے کئی علاقوں میں ڈرونز اور میزائلوں سے حملے کی کوشش کی۔ اہداف میں سری نگر، جموں، پٹھان کوٹ، امرتسر، جالندھر، بھٹنڈہ، چنڈی گڑھ، فلودی اور بھج شامل تھے۔ تاہم، ہندوستانی ایئر ڈیفنس سسٹمز اور کاؤنٹر یو اے ایس گرڈ کی بروقت کارروائی نے ان حملوں کو ناکام بنا دیا۔ ملبے سے ملنے والے شواہد سے واضح ہوتا ہے کہ حملے پاکستان کی جانب سے کیے گئے۔ ان کے جواب میں، ہندوستانی فوج نے پاکستان میں موجود ایئر ڈیفنس انفرااسٹرکچر کو نشانہ بنایا۔ لاہور کے والٹن ایئرپورٹ کے قریب کئی زوردار دھماکوں کی اطلاعات مقامی میڈیا اور رائٹرز نے دی ہیں، جس کے بعد علاقے میں سائرن بجائے گئے اور لوگ خوف و ہراس میں گھروں سے باہر نکل آئے۔ اس کے علاوہ، پاکستانی فوج نے لائن آف کنٹرول کے آس پاس کے علاقوں میں بلا اشتعال گولہ باری کی شدت میں اضافہ کر دیا ہے۔ کپواڑہ، بارہ مولا، پونچھ، مینڈھر اور راجوری سیکٹرز میں مارٹر اور آرٹلری سے حملے کیے گئے جن میں 16 شہری جاں بحق ہوئے، جن میں تین خواتین اور پانچ بچے شامل ہیں۔ حکومت ہند نے واضح کیا ہے کہ اگرچہ ہندوستان کشیدگی کو بڑھانا نہیں چاہتا لیکن پاکستان کی جانب سے عام شہریوں کو نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے۔ اس لیے فوج نے ضروری جوابی کارروائی کی ہے۔ حکومت نے کہا کہ امن تب ہی ممکن ہے جب پاکستانی فوج اشتعال انگیز کارروائیاں بند کرے اور فائر بندی معاہدے کا احترام کرے۔

## آپریشن سندور: سرحد پر بڑھتی کشیدگی کے پیش نظر 10 مئی تک 400 پروازیں منسوخ، 27 ہوائی اڈے بند کرنے کا فیصلہ



پہلگام دہشت گردانہ حملہ کے بعد ہندوستانی مسلح افواج 'آپریشن سندور' کے ذریعہ پاکستان کو سخت جواب دیا، اور اس آپریشن کے بعد دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی ہر گزرتے وقت کے ساتھ بڑھتی جا رہی ہے۔ اس بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر حکومت ہند نے کئی حفاظتی اقدام اٹھائے ہیں۔ ان میں ملک کے شمالی اور مغربی حصوں میں واقع تقریباً 27 ہوائی اڈوں کو عارضی طور پر بند کرنا بھی شامل ہے۔ ساتھ ہی سیکورٹی وجوہات کی بنا پر 400 سے زائد پروازیں بھی منسوخ کر دی گئی ہیں۔ ہوائی اڈوں کو عارضی طور پر بند کرنے اور بڑے پیمانے پر پروازوں کی منسوخی سے مسافرین کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ لیکن حکومت نے یہ فیصلہ مسافروں کے تحفظ کو یقینی بنانے اور ہوائی اڈوں پر سیکورٹی کے انتظام کو بہتر بنانے کے لیے لیا ہے۔ ہندی نیوز پورٹل 'ٹی وی 9 بھارت ورش' کی خبر کے مطابق جن پروازوں کو 10 مئی تک کے لیے منسوخ کیا گیا ہے، ان میں انڈیگو، اسپائس جیٹ، اکاسا ایئر، ایئر انڈیا ایکسپریس سمیت کئی ایئر لائن کی کمپنیاں شامل ہیں۔ جن 27 ہوائی اڈوں کو 10 مئی تک کے لیے بند کر دیا گیا ہے، ان میں چنڈی گڑھ، سری نگر، امرتسر، لدھیانہ، شملہ، پٹھان کوٹ، بھوج، جودھ پور، جیسلمیر، بیکانیر، بھونتر، کشن گڑھ، پٹیالہ، جام نگر، کانڈلا، کیشود، دھرم شالہ، جموں، لیہ، گگل، بھٹنڈہ، ہلوارا، مندرا، راج کوٹ، پوربندر، ہنڈن (غازی آباد) اور گوالیر شامل ہیں۔ یہ تمام ہوائی اڈے یا تو ملٹری کے زیر کنٹرول ہیں یا سرحد کے بے حد نزدیک ہیں۔ یہ 9 مئی رات 11.59 یوٹی سی یعنی 10 مئی کی صبح 5:29 بجے تک بند رہیں گے۔ واضح ہو کہ دہلی ہوائی اڈہ فی الحال فعال ہے، لیکن کچھ پروازیں متاثر ہوئی ہیں۔

# فرضی خبروں سے پیدا خطرات پر الرٹ
## وزیر اعظم مودی کا اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد



نئی دہلی: وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس طلب کیا، جس میں مختلف مرکزی وزارتوں اور محکموں کے سیکریٹریوں نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد قومی سلامتی سے متعلق حالیہ حالات کا جائزہ لینا اور جعلی اطلاعات کے بہاؤ کو روکنے کے لیے موثر حکمت عملی اپنانا تھا۔ اجلاس اجلاس کے دوران وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ وقت ملک کے لیے ایک حساس مرحلہ ہے اور ایسی صورت حال میں ادارہ جاتی رابطہ، آپریشنل تیاری اور واضح مواصلات نہایت ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غلط معلومات اور فرضی خبروں کا پھیلاؤ نہ صرف عوامی اعتماد کو نقصان پہنچاتا ہے بلکہ قومی سلامتی کو بھی خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ سرکاری بیان کے مطابق، وزیر اعظم نے تمام وزارتوں پر زور دیا کہ وہ ریاستی سطح کے اداروں اور مقامی انتظامیہ کے ساتھ قریبی رابطہ رکھیں تاکہ نچلی سطح پر بھی ہم آہنگی اور چوکسی برقرار رکھی جاسکے۔ اجلاس میں سول سیکورٹی کے موجودہ نظام کو مزید مضبوط بنانے، اہم انفراسٹرکچر کی حفاظت کو یقینی بنانے اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے بروقت ردعمل کی تیاری پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وزیر اعظم نے سیکریٹریوں کو ہدایت دی کہ وہ اپنی اپنی وزارتوں میں تیاری، مواصلاتی نظام اور ہنگامی ردعمل کے پروٹوکولز کا مکمل جائزہ لیں تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کا موثر انداز میں مقابلہ کیا جاسکے۔ وزیر اعظم کے دفتر کے سینئر عہدیداران، کابینہ سیکریٹری ٹی وی سوماناتھن اور دفاع، داخلہ، خارجہ، اطلاعات ونشریات، بجلی، صحت، اور ٹیلی کمیونیکیشن جیسی اہم وزارتوں کے سیکریٹریوں نے اس اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تمام وزارتوں نے موجودہ حالات کے حوالے سے اپنے اقدامات کی تفصیل پیش کی اور اس بات کو یقینی بنایا کہ ان کے ادارے کسی بھی ہنگامی یا غیر متوقع صورتحال کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اس موقع پر قومی سلامتی کے حوالے سے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ غلط معلومات سے پیدا ہونے والے خطرات کو سنجیدگی سے لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملک کے ہر کونے میں امن و امان برقرار رکھنے، اہم انفراسٹرکچر کی حفاظت اور شہریوں کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔

## حکومت نے پاکستان کے بنے ہوئے ڈیجیٹل مواد کے استعمال پر پابندی عائد کی



نئی دہلی، 8 مئی (یو این آئی) پاکستان کے خلاف ایک اور سخت قدم اٹھاتے ہوئے مرکزی حکومت نے پاکستان کے بنے ہوئے ڈیجیٹل مواد کے استعمال پر پابندی لگادی ہے۔ جمعرات کو یہاں جاری کردہ ایک سرکلر میں اطلاعات ونشریات کی وزارت نے کہا کہ جموں و کشمیر کے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے بعد ہندوستانی فوج کی کارروائی اور دیگر اقدامات کے پیش نظر سوشل میڈیا، ویب سائٹس، او ٹی ٹی یا کسی دوسرے ماس کمیونیکیشن میڈیم پر پاکستان کے بنے ہوئے ڈیجیٹل مواد کا استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ کسی بھی معلومات کی میزبانی، ڈسپلے، اپ لوڈ، ترمیم، شائع، منتقلی، ذخیرہ، اپ ڈیٹ یا اشتراک نہیں کیا جانا چاہئے جس سے "ہندوستان کی یکجہتی، سالمیت، دفاع، سلامتی یا خود مختاری، دوسرے ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات، یا امن عامہ کو خطرہ ہو"۔ سرکلر کے مطابق ہندوستان میں ہونے والے کئی دہشت گردانہ حملوں میں پاکستان کے سرکاری اور غیر سرکاری عناصر کے ساتھ روابط ثابت ہوئے ہیں۔ لہذا، قومی سلامتی کے مفاد میں ہندوستان میں کام کرنے والے تمام او ٹی ٹی پلیٹ فارمز، میڈیا اسٹریمنگ پلیٹ فارمز اور دیگر ماس میڈیا کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ پاکستان کے بنے ہوئے ویب سیریز، فلمیں، گانے، پوڈ کاسٹ اور دیگر اسٹریمنگ میڈیا مواد کا استعمال بند کریں۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ یہ سرکلر انفارمیشن ٹیکنالوجی (درمیانی رہنما خطوط اور ڈیجیٹل میڈیا، کوڈ آف کنڈکٹ) رولز 2021 کے تحت جاری کیا گیا ہے۔ قواعد کے تحت ضابطہ اخلاق فراہم کرتا ہے کہ کسی بھی مواد کی نمائش، نشریات، اشاعت یا نمائش کا فیصلہ کرتے وقت ناشر یا براڈ کاسٹر کو مناسب احتیاط اور صوابدید کا استعمال کرنا چاہیے۔ کوئی بھی ایسا مواد استعمال نہیں کیا جانا چاہیے جو ہندوستان کی خود مختاری اور سالمیت کو متاثر کرتا ہو، ایسا مواد جو ریاست کی سلامتی کے لیے خطرہ ہو اور ایسا مواد جو دوسرے ممالک کے ساتھ ہندوستان کے دوستانہ تعلقات کے لیے نقصان دہ ہو اور تشدد کو بھڑکانے یا امن عامہ کی بحالی میں خلل ڈالنے کا امکان ہو۔

### مالیگاؤں بم دھماکہ:
## سادھوی پرگیہ ٹھاکر اور دیگر ملزمین کے خلاف 31 جولائی کو فیصلہ آئے گا



نئی دہلی، 8 مئی (یو این آئی) مالیگاؤں 2008 بم دھماکہ معاملہ میں آج ممبئی کی خصوصی این آئی اے عدالت نے فیصلہ صادر نہیں کیا بلکہ اس کے لئے 31 جولائی کی تاریخ مقرر کردی۔ آج یہاں جاری ایک ریلیز کے مطابق خصوصی این آئی اے عدالت کے جج کے سامنے آج سادھوی پرگیہ سنگھ ٹھاکر سمیت تمام ملزمین پیش ہوئے جو کو مخاطب کرتے ہوئے عدالت نے کہا کہ 31/ جولائی کو فیصلہ صادر کیا جاسکتا ہے لہذا تمام ملزمین کی عدالت میں حاضری ضروری ہوگی۔ دوران سماعت آج عدالت میں سادھوی پرگیہ سنگھ ٹھاکر اپنے معاونین کے ہمراہ پیش ہوئی اور عدالت سے گذارش کی کہ اسے عدالت جانے کی اجازت دی جائے کیوں کہ اس کی طبیعت ناساز ہے، عدالت نے سادھوی کی درخواست کو منظور کرتے ہوئے عدالت سے جانے کی اجازت دے دی۔ قابل ذکر ہے کہ اس اہم مقدمہ میں مولانا ارشد مدنی کی ہدایت پر جمعیۃ علماء قانونی امداد کمیٹی متاثرین کو قانونی امداد فراہم کررہی ہے۔ خصوصی جج اے کے لاہوٹی نے دفاعی وکلاء، وکلاء استغاثہ اور بم دھماکہ متاثرین کے وکلاء کی موجودگی میں کہا کہ اس مقدمہ میں ابتک ایک لاکھ صفحات سے زیادہ دستاویزات عدالتی ریکارڈ پر آچکے ہیں لہذا عدالت کو تمام دستاویزات کا مطالعہ کرنا ضروری ہے۔ خصوصی جج نے مزید کہا کہ ان کی کوشش ہے کہ 31/ جولائی تک مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا جائے۔ عیاں رہے کہ بامبے ہائی کورٹ نے بم دھماکہ متاثرین کی درخواست پر خصوصی جج کے ٹرانسفر پر 31/ اگست تک روک لگائی ہوئی ہے لہذا خصوصی جج کو مقررہ مدت میں فیصلہ سنانا ہوگا۔ اس مقدمہ میں مہاراشٹر اے ٹی ایس سے مقدمہ این آئی اے کو منتقل ہونے کے بعد سے بم دھماکہ متاثرین، جمعیۃ علماء مہاراشٹر (ارشد مدنی) قانونی امداد کمیٹی کے توسط سے بطور مداخلت کار نچلی عدالت سے لیکر سپریم کورٹ تک انصاف کے لئے جدوجہد کررہے ہیں۔ بم دھماکہ متاثرین کی مسلسل مداخلت کی وجہ سے ملزمین کو مقدمہ کا سامنا کرنا پڑا ورنہ قومی تفتیشی ایجنسی این آئی اے نے سادھوی پرگیہ سنگھ کو مقدمہ سے کلین چٹ دے دی تھی اور اس کی مقدمہ سے ڈسچارج کی عرضی پر اعتراض بھی نہیں کیا تھا۔ بم دھماکہ متاثرین نے نہ صرف سادھوی پرگیہ سنگھ کی مقدمہ سے ڈسچارج کی مخالفت کی تھی بلکہ کرنل پروہت سمیت دیگر ملزمین کی یو اے پی اے قانون کی دفعات کے اطلاق کو چیلنج کرنے والی عرضداشت کی ٹرائل کورٹ سے لیکر سپریم کورٹ تک مخالفت کی جس کے سبب سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ صادر کیا کہ ملزمین پر یو اے پی اے قانون کا اطلاق غیر قانونی نہیں ہے اور ان کے خلاف مقدمہ خصوصی عدالت میں چلیگا۔ واضح رہے کہ ممبئی کی خصوصی این آئی اے عدالت ملزمین سادھوی پرگیہ سنگھ ٹھاکر، میجر رمیش اپادھیائے، سمیر کلکرنی، اجئے راہیکر، کرنل پرساد پروہت، سدھاکر دھر دویدی اور سدھاکر چترویدی کے خلاف قائم مقدمہ کی سماعت کررہی ہے جس میں فریقین کی حتمی بحث کے بعد عدالت نے فیصلہ محفوظ کرلیا ہے۔

# 494 اسسٹنٹ ٹیچر، 49 لیکچرر عہدے کے لیے تقرری نامے تقسیم
## وزیر اعلیٰ نے گورنمنٹ انٹر کالجوں میں 23 منی اسٹیڈیموں کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا




لکھنؤ: ۸رمئی۔ اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ ریاست نے نئے ہندوستان کے نئے اتر پردیش کے طور پر اپنی شناخت بنائی ہے۔ آج ریاست کے نوجوانوں میں شناخت کا بحران نہیں ہے۔ ریاست کا رہنے والا فخر سے کہہ سکتا ہے کہ وہ اتر پردیش کا رہنے والا ہے۔ اب یہاں کے نوجوان اپنی شناخت نہیں چھپاتے، کیونکہ ریاست کے ہر شعبے میں کچھ نیا کیا گیا ہے۔ ان میں تعلیم، صحت، بنیادی ڈھانچہ، روزگار، تجارت اور سرمایہ کاری وغیرہ جیسے شعبے شامل ہیں۔ آج، منصفانہ اور شفاف بھرتی کے عمل کے توسط سے منتخب نوجوانوں کے ذریعے مختلف شعبوں میں دیے گئے تعاون کی وجہ سے، اتر پردیش ہندوستان کی ترقی کا گروتھ انجن کا ایک حصہ بنا ہے۔ اب یہ بیمار ریاست نہیں ہے۔ یہ ملک کی سب سے بڑی معیشتوں میں سے ایک ہے۔ وزیر اعلیٰ آج یہاں لوک بھون میں مشن روزگار کے تحت ثانوی تعلیم کے محکمہ کے سرکاری ثانوی اسکولوں میں 494 اسسٹنٹ ٹیچرس (ایل ٹی) اور 49 لکچررس کے عہدوں کے لیے منتخب امیدواروں کو تقرری نامہ تقسیم کے پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کر رہے تھے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے نو منتخب امیدواروں کو تقرری نامہ، آئی سی ٹی اسکیم کے تحت آنے والے 05 اسکولوں کے پرنسپلوں کو اور اٹل ٹنکرنگ لیب اسکیم کے تحت آنے والے 05 اسکولوں کے پرنسپلوں کو سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔ انہوں نے گورنمنٹ انٹر کالجوں میں 23 منی اسٹیڈیم کی تعمیر کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ نئے منتخب ہونے والے امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہر مدمقابل اپنا مقررہ ہدف حاصل کرنے کے بعد خوشی محسوس کرتا ہے۔ وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی رہنمائی میں، مشن روزگار کے تحت، ریاست میں 08 لاکھ سے زیادہ نوجوانوں کو ریاست کی مختلف خدمات میں تقرری دی گئی ہے۔ آج، اتر پردیش سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تحت پبلک سروس کمیشن کے ذریعے منصفانہ اور شفاف بھرتی کے عمل کے تحت منتخب کیے گئے تقریباً 550 نئے اساتذہ کو تقرری نامہ مل رہے ہیں۔ دنیا بدل گئی ہے۔ ہمیں بھی اس تبدیلی کے مطابق خود کو ڈھالنا ہوگا۔ اگر ہم اپنے نوجوانوں کو آج کی ضرورتوں کے مطابق تیار کریں تو ہماری مطابقت برقرار رہے گی۔ اگر ہم موجودہ مہم میں کہیں بھی ناکام ہوئے تو موجودہ نسل کے ساتھ ساتھ آنے والی نسلوں کو بھی اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ محکمہ ثانوی تعلیم میں 40 ہزار سے زائد نوجوانوں کو تعینات کیا گیا ہے۔ ماضی قریب میں ثانوی تعلیم سے متعلق انٹر کالجوں کے لیے 8 ہزار سے زائد امیدواروں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ سرکاری امداد یافتہ اسکولوں میں 32 ہزار سے زائد نوجوانوں کو تعینات کیا گیا ہے۔ بیسک ایجوکیشن کونسل کے تحت ریاستی حکومت نے 01 لاکھ 23 ہزار سے زائد اساتذہ کی بھرتی کامیابی کے ساتھ مکمل کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آپ تمام نو منتخب امیدواروں کی تقرری منصفانہ اور شفاف بھرتی کے عمل کے تحت کی جارہی ہے۔ حکومت آپ سے توقع رکھتی ہے کہ آپ ثانوی تعلیم کی مزید بہتری کے لیے لگن اور ایمانداری کے ساتھ اپنا تعاون دیں گے۔ اتر پردیش کی اسکولی تعلیم میں بنیادی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ جدت اختیار کی گئی ہے۔ ٹیکنالوجی کو زیادہ سے زیادہ استعمال کیا گیا ہے۔ آپریشن کایا کلپ کے ذریعے بنیادی تعلیمی کونسل کے اسکولوں میں بے مثال بہتری لائی گئی ہے۔ نیتی آیوگ/ پلاننگ کمیشن نے ریاست کے بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے آپریشن کایا کلپ کی تعریف کی ہے اور اسے اختراع کے زمرے میں رکھا ہے۔ سال 2017 سے پہلے بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے بیشتر اسکول بند ہونے کے دہانے پر تھے۔ طلبہ کی تعداد میں مسلسل کمی آرہی تھی۔ اساتذہ کی کمی تھی۔ ان کوتاہیوں کو دور کرنے کے لیے ریاستی حکومت کی طرف سے مسلسل کوششیں کی گئیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاست میں سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تحت امتحانی نتائج میں بہتری آئی ہے۔ بغیر دھوکہ دہی کے امتحانات کے انعقاد کے ساتھ-ساتھ ہم نے اس میں جدت بھی دیکھی ہے۔

## اوکھلا گاؤں میں بلڈوزر کی دستک 4 بیگھہ سرکاری زمین پر غیر قانونی ڈھانچے منہدم کرنے کا سپریم کورٹ کا حکم

نئی دہلی۔ سپریم کورٹ نے بدھ (8 مئی) کو دہلی ڈیولپمنٹ اتھارٹی اور دہلی حکومت کو حکم دیا کہ وہ قانون کے مطابق 3 ماہ کے اندر دہلی کے اوکھلا گاؤں کے کھسرا نمبر 279 میں 4 بیگھہ سے زیادہ سرکاری اراضی پر پھیلے ہوئے غیر مجاز ڈھانچے کو منہدم کریں۔ جسٹس ابھے ایس اوکا اور جسٹس اجل بھویان کی بنچ نے یہ حکم دہلی میں عوامی زمینوں پر غیر مجاز تعمیرات اور تجاوزات سے متعلق اس کے 2018 کے ہدایات کی خلاف ورزی سے متعلق توہین عدالت کی درخواست کی سماعت کرتے ہوئے دیا۔ عدالت نے مزید کہا کہ کسی بھی انہدام سے پہلے متعلقہ افراد کو 15 دن کا نوٹس دیا جانا چاہیے، اور جن افراد کو مسماری کے نوٹس موصول ہوتے ہیں وہ قانون کے مطابق قانونی کارروائی کرنے کے لیے آزاد ہیں۔ جب ہم کہتے ہیں کہ قانون کی مناسب کارروائی ہے تو ہم یہ واضح کرتے ہیں کہ انہدام کی کارروائی کرنے سے پہلے تمام متعلقہ افراد کو 15 دن کا پیشگی نوٹس دیا جائے گا۔ ڈی ڈی اے اور ریاستی حکومت دونوں 3 ماہ کے اندر تعمیل حلف نامہ داخل کریں۔ ایم سی مہتا بمقابلہ یونین آف انڈیا میں 2018 کے حکم میں، عدالت نے پایا تھا کہ دہلی میں سرکاری زمینوں اور غیر مجاز کالونیوں میں غیر مجاز تعمیرات عروج پر ہیں۔ عدالت نے مشاہدہ کیا تھا کہ ان علاقوں میں تعمیراتی اصولوں کا اطلاق نہیں کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے غیر مجاز کالونیوں کے ساتھ مجاز کالونیوں سے زیادہ اچھا سلوک نہیں کیا جارہا ہے۔ عدالت نے غیر مجاز کالونیوں اور سرکاری اراضی پر تعمیراتی سرگرمیوں کو مکمل طور پر روکنے کی ہدایت کی تھی اور تعمیل کی نگرانی کے لیے ایک ٹاسک فورس تشکیل دی تھی۔

## اتراکھنڈ میں ہیلی کاپٹر کریش، پانچ لوگوں کی موت، دو افراد زخمی

اترکاشی: اتراکھنڈ کے سرحدی ضلع اترکاشی میں ایک بڑا حادثہ پیش آیا ہے۔ گنگنانی کے قریب ایک ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہوگیا ہے۔ کریش ہوئے ہیلی کاپٹر میں پائلٹ سمیت سات افراد سوار تھے۔ ان میں سے پانچ لوگوں کی موت ہوچکی ہے۔ دو افراد شدید زخمی ہیں۔ ہیلی کاپٹر میں سوار چار مسافروں کا تعلق ممبئی اور دو کا آندھرا پردیش سے تھا۔ اترکاشی پولیس نے اس کی تصدیق کی ہے۔ قابل ذکر ہے کہ اتراکھنڈ میں ان دنوں چاردھام یاترا چل رہی ہے۔ ہیلی کاپٹر گرنے کی اطلاع ملتے ہی انتظامیہ اور امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پروانہ ہوگئیں۔ امدادی ٹیموں نے جائے حادثہ پر پہنچتے ہی امدادی کارروائیاں شروع کردیں۔ بتایا جارہا ہے کہ ہیلی کاپٹر میں پائلٹ سمیت کل سات افراد سوار تھے۔ ان میں سے پانچ افراد کی موقعے پر ہی موت ہوگئی۔ دو افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ بتایا جارہا ہے کہ یہ ہیلی کاپٹر نجی کمپنی ایروٹرانس سروس کا تھا۔ پولیس، آرمی فورس، ڈیزاسٹر مینجمنٹ کیو آرٹی، تحصیلدار بھٹواڑی، بی ڈی او بھٹواڑی ایمبولینس کے ساتھ جائے حادثہ پر پہنچ گئے ہیں اور ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ قابل ذکر ہے کہ گنگنانی، جہاں یہ حادثہ ہوا، اترکاشی ضلع ہیڈکوارٹر سے تقریباً 50 کلومیٹر دور ہے۔ یہ پہاڑی اور ناقابل رسائی جگہ ہونے کی وجہ سے ریسکیو ٹیموں کو ایسے مقامات تک پہنچنے میں وقت لگتا ہے۔ ہیلی کاپٹر گنگنانی کے قریب جنگل میں گر کر تباہ ہوگیا ہے۔ اترکاشی ضلع انتظامیہ نے تصدیق کی ہے کہ گنگنانی کے قریب جنگل میں ایک ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہوگیا ہے۔ وہیں اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ ہیلی کاپٹر کریش میں کچھ لوگوں کے مرنے کی افسوسناک خبر موصول ہوئی ہے۔

# ذات کی گنتی، قوم کی پہچان: شماریاتی سچ یا سیاسی فریب؟

مولانا قاری اسحاق گورا

ہندوستان میں ذات پات کا نظام ایک قدیم سماجی ڈھانچہ ہے جس نے صدیوں سے نہ صرف معاشرتی تنظیم کو متعین کیا ہے بلکہ معاشی، تعلیمی اور سیاسی مواقع کی تقسیم میں بھی بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ اگرچہ آئین ہند مساوات، مواقع کی برابری اور امتیاز سے پاک معاشرے کا ضامن ہے، تاہم عملی طور پر ذات پات اب بھی روزمرہ زندگی، پالیسی سازی اور اقتدار کی تقسیم میں گہرے اثرات رکھتی ہے۔ حالیہ دنوں میں مودی حکومت کی طرف سے ذات پات کی مردم شماری کے اعلان نے ایک بار پھر اس حساس مگر اہم مسئلے کو بحث کا مرکز بنا دیا ہے۔



ہندوستان میں باقاعدہ مردم شماری کا آغاز 1872ء میں ہوا اور ہر دس سال بعد اسے دہرایا جاتا رہا ہے۔ تاہم 1931ء کے بعد سے کسی مردم شماری میں ذات پات کے اعداد و شمار شامل نہیں کیے گئے۔ اس کے بعد کی مردم شماریوں میں صرف درج فہرست ذاتیں (Scheduled Castes) اور درج فہرست قبائل (Scheduled Tribes) کی معلومات ہی اکٹھی کی جاتی رہی ہیں۔ آزادی کے بعد سے اب تک حکومتوں نے ذات پات کی مردم شماری سے دانستہ اجتناب کیا تاکہ ذات کی بنیاد پر سیاست کو مزید تقویت نہ ملے، تاہم زمینی حقائق اور سیاسی حالات نے ہمیشہ اس مسئلے کو زندہ رکھا ہے۔

ذات پات کی مردم شماری کا بنیادی مقصد ملک کی آبادی کے مختلف سماجی گروہوں کی حقیقی تعداد اور ان کی معاشرتی، تعلیمی اور معاشی حالت کا اندازہ لگانا ہوتا ہے۔ اس ڈیٹا کی روشنی میں ریزرویشن، فلاحی اسکیموں کی تقسیم، اور وسائل کی منصوبہ بندی کو زیادہ منصفانہ بنایا جا سکتا ہے۔ آج بھی بڑی تعداد میں دیگر پسماندہ طبقات (OBCs) اور غیر درج فہرست ذاتوں کے لوگ ترقی سے محروم ہیں، لیکن ان کی حقیقی تعداد اور حالات پر کوئی مستند سرکاری اعداد و شمار موجود نہیں۔

راہل گاندھی اور کانگریس سمیت اپوزیشن کی متعدد جماعتیں گزشتہ کئی برسوں سے ذات پات کی مردم شماری کا مطالبہ کرتی آئی ہیں۔ راہل گاندھی نے اسے "اپنی حقیقت پہچانو" (Know Your Rights) مہم کے تحت انتخابی منشور کا حصہ بنایا۔ ان کا موقف ہے کہ حکومت کو معلوم ہونا چاہیے کہ ملک میں کتنے پسماندہ، دلت، آدیواسی، اور اعلیٰ ذاتوں کے لوگ موجود ہیں، تاکہ وسائل کی تقسیم انصاف پر مبنی ہو سکے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر 50 فیصد سے زیادہ آبادی OBC طبقے کی ہے اور انہیں صرف 27 فیصد ریزرویشن حاصل ہے، تو یہ کھلا ظلم ہے۔

جب ملک میں پہلگام کشیدگی، قومی سلامتی، اور بھارت-پاکستان تعلقات کی گرما گرمی خبروں میں چھائی ہوئی ہے، عین اسی وقت مودی حکومت کی کابینہ نے ذات پات کی مردم شماری کا اعلان کر کے نہ صرف اپوزیشن کو حیرت میں ڈال دیا بلکہ ایک نئی سیاسی بحث بھی چھیڑ دی۔ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے اعلان کیا کہ آئندہ مردم شماری میں تمام ذاتوں کے اعداد و شمار کو شامل کیا جائے گا۔ انہوں نے اس فیصلے کو آئینی اور سماجی نقطۂ نظر سے درست قرار دیتے ہوئے کہا کہ 1947ء سے اس سمت میں کوئی سنجیدہ قدم نہیں اٹھایا گیا تھا۔

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ذات پات کی مردم شماری کا فیصلہ ہندوستانی سیاست کا ایک گیم چینجر بن سکتا ہے۔ اس سے نہ صرف مرکز اور ریاستوں کی فلاحی اسکیموں کی نوعیت متاثر ہوگی بلکہ سیاسی جماعتوں کے ووٹ بینک اور انتخابی حکمت عملیوں میں بھی بڑا تغیر آ سکتا ہے۔ اگر مردم شماری میں ظاہر ہوتا ہے کہ OBC کی آبادی 50 فیصد سے بھی زیادہ ہے تو وہ آئندہ حکومتوں سے زیادہ ریزرویشن، زیادہ اسکیمیں اور بہتر نمائندگی کا مطالبہ کریں گے۔

تاہم اس فیصلے پر شدید خدشات اور تحفظات بھی موجود ہیں۔ بعض ماہرین کا خیال ہے کہ اس سے معاشرے میں ذات پات کی بنیاد پر تقسیم مزید گہری ہوگی، جس سے قومی یکجہتی متاثر ہو سکتی ہے۔ اس بات کا بھی اندیشہ ہے کہ سیاسی جماعتیں ذات پات کے اعداد و شمار کو اپنے فائدے کے لیے استعمال کریں گی اور عوامی مسائل جیسے مہنگائی، بیروزگاری، اور تعلیم کی پسماندگی پس پردہ چلے جائیں گے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی سابقہ پوزیشن بھی اس نئے موقف سے متصادم دکھائی دیتی ہے۔ برسوں تک بی جے پی نے ذات پات کی مردم شماری کی مخالفت کی، اسے "تقسیم کی سیاست" قرار دیا اور قومی یکجہتی کے لیے خطرہ بتایا۔ اب یکایک اس فیصلے کو اختیار کرنا سیاسی حلقوں میں مفاہمت سے زیادہ مصلحت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

> ذات پات کی مردم شماری کا بنیادی مقصد ملک کی آبادی کے مختلف سماجی گروہوں کی حقیقی تعداد اور ان کی معاشرتی، تعلیمی اور معاشی حالت کا اندازہ لگانا ہوتا ہے۔ اس ڈیٹا کی روشنی میں ریزرویشن، فلاحی اسکیموں کی تقسیم، اور وسائل کی منصوبہ بندی کو زیادہ منصفانہ بنایا جا سکتا ہے۔ آج بھی بڑی تعداد میں دیگر پسماندہ طبقات (OBCs) اور غیر درج فہرست ذاتوں کے لوگ ترقی سے محروم ہیں، لیکن ان کی حقیقی تعداد اور حالات پر کوئی مستند سرکاری اعداد و شمار موجود نہیں۔

ذات پات کے مسائل سے متعلق کئی عدالتی فیصلے اہمیت کے حامل ہیں۔ سپریم کورٹ نے "اندرا ساہنی بمقابلہ حکومت ہند" مقدمہ (1992) میں ریزرویشن کی حد 50 فیصد مقرر کی تھی اور OBC کی شناخت کو علمی بنیادوں پر استوار کرنے کی ضرورت پر زور دیا تھا۔ اب اگر ذات پات کی مردم شماری سے ظاہر ہوتا ہے کہ کسی مخصوص طبقے کی محرومی بہت زیادہ ہے، تو عدالتوں پر بھی دباؤ پڑے گا کہ وہ ریزرویشن کی حدود اور آئینی تشریحات پر نظر ثانی کریں۔

ذات پات کی مردم شماری صرف ایک سیاسی یا سماجی مسئلہ نہیں بلکہ ایک وسیع تر انتظامی عمل ہے جس میں کئی پیچیدگیاں شامل ہیں۔ ہندوستان میں ہزاروں ذاتیں، ذیلی ذاتیں، اور برادریاں ہیں جن کے نام مختلف علاقوں میں مختلف ہو سکتے ہیں۔ ان کو ایک منظم، قابل استعمال ڈیٹا سیٹ میں تبدیل کرنا خود ایک دشوار مرحلہ ہے۔ مزید یہ کہ ہر فرد کس ذات کا دعویٰ کرتا ہے، اور سرکاری طور پر وہ کس زمرے میں آتا ہے، یہ تطبیق بھی ایک چیلنج ہوگا۔

ذات پات کی مردم شماری کا سب سے بڑا اثر ریاستی سطح پر سیاست پر پڑے گا۔ بہار، اتر پردیش، تمل ناڈو، مہاراشٹر اور کرناٹک جیسے ریاستیں ذات پات کی سیاست کی مضبوط بنیادیں رکھتی ہیں۔ نتیش کمار کی قیادت میں بہار میں حال ہی میں کی گئی ذات پات کی مردم شماری نے نئی سیاسی صف بندی کو جنم دیا۔ اگر مرکز کی مردم شماری بھی انہی خطوط پر ہوئی تو یہ علاقائی جماعتوں کو مزید طاقت دے سکتی ہے۔

بین الاقوامی سطح پر 2024 تک ہندوستان دنیا کے ان 44 ممالک میں شامل تھا جہاں اس دہائی میں مردم شماری نہیں ہوئی تھی۔ اقوام متحدہ کے مطابق مردم شماری نہ صرف آبادی کی گنتی ہے بلکہ ایک ریاستی شناخت اور پالیسی کا آئینہ دار عمل ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں آبادی کے اعداد و شمار کو مسلسل اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے تاکہ فلاحی ریاست کا تصور عملی جامہ پہن سکے۔ ہندوستان جیسے کثیر الثقافتی ملک میں ذات پات کی معلومات نہ ہونا ایک بہت بڑی پالیسی خلا کو جنم دیتا ہے۔

ذات پات کی مردم شماری کا مسئلہ محض ایک شماریاتی اقدام نہیں بلکہ ہندوستان کی جمہوری ساخت، سماجی تانے بانے، اور آئینی و سیاسی حکمت عملیوں سے گہرا تعلق رکھتا ہے۔ مودی حکومت کا اچانک یہ فیصلہ کہ آنے والی مردم شماری میں تمام ذاتوں کی تفصیل شامل کی جائے گی، ایک طرف بظاہر سماجی انصاف کے دعوے کو مضبوط کرتا ہے، تو دوسری طرف اس کے وقت، سیاق و سباق، اور سیاسی مفادات کے حوالے سے کئی سوالات بھی جنم لیتے ہیں۔

یہ بات حقیقت ہے کہ اگر ملک میں دلت، آدیواسی، پچھڑے اور پسماندہ طبقات کی صحیح تعداد کا تعین ہو جائے، تو ریزرویشن، فلاحی منصوبوں اور وسائل کی منصفانہ تقسیم میں شفافیت آ سکتی ہے۔ حکومتوں کے لیے ممکن ہوگا کہ وہ حقیقی محرومیوں کی بنیاد پر پالیسیاں وضع کریں، اور صرف ایک محدود طبقے کو فائدہ دینے کے بجائے پورے سماجی دھارے کو ترقی میں شامل کریں۔ یہ بھی ممکن ہوگا کہ اس مردم شماری کی بنیاد پر مستقبل میں ایسی پالیسی ترتیب دی جائے جو طبقاتی امتیاز، تعلیمی محرومی اور معاشی پسماندگی کو ختم کرنے میں مدد دے۔

تاہم اس مثبت پہلو کے ساتھ ایک اہم اندیشہ یہ ہے کہ اگر یہ مردم شماری سیاسی مفاد پرستی، ووٹ بینک کی سیاست، یا سماجی گروہوں کو بانٹنے کے لیے کی گئی، تو اس کے اثرات نہایت منفی ہوں گے۔ ہندوستان میں پہلے ہی ذات پات کی بنیاد پر نفرت، تعصب، اور سماجی کشیدگی پائی جاتی ہے۔ اگر اعداد و شمار کو سیاسی حربے کے طور پر استعمال کیا گیا، تو معاشرتی تانا بانا مزید بکھر سکتا ہے۔ ایک اور خدشہ یہ ہے کہ اقلیتوں، قبائلی گروہوں یا چھوٹی برادریوں کے تحفظات کو نظر انداز کر کے اکثریتی ذاتوں کو سیاسی برتری دی جائے، جس سے عدم مساوات مزید بڑھ سکتی ہے۔

مزید برآں، عملی لحاظ سے بھی اس مردم شماری کو موثر اور قابل اعتماد بنانے کے لیے بہت سی رکاوٹیں موجود ہیں۔ ہزاروں ذاتوں اور ذیلی ذاتوں کی شناخت، ان کی درجہ بندی، اور درست اعداد و شمار کا حصول ایک کٹھن کام ہے۔ اگر اسے درست طریقے سے انجام نہ دیا گیا تو اس کے نتائج غیر معتبر ہوں گے اور وہی بداعتمادی پیدا ہوگی جس سے بچنے کے لیے یہ اقدام کیا جا رہا ہے۔

ایک جمہوری ریاست کی کامیابی اسی وقت ممکن ہے جب اس کی پالیسیاں تمام شہریوں کے لیے انصاف، شفافیت اور شمولیت کو یقینی بنائیں۔ ذات پات کی مردم شماری ایک ایسا موقع فراہم کرتی ہے جس کے ذریعے ہندوستان اپنی سماجی و اقتصادی ناانصافیوں کا حقیقت پسندانہ تجزیہ کر سکتا ہے۔ لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ حکومت اس عمل کو صرف ایک انتخابی چال یا وقتی مفاد کے بجائے ایک طویل المدت سماجی اصلاحی اقدام کے طور پر اپنائے۔

آخری بات یہ ہے کہ اگر یہ مردم شماری صرف اعداد و شمار کے جمع کرنے کا عمل بن کر رہ گئی، اور ان اعداد و شمار کی بنیاد پر کوئی موثر پالیسی نہ بنی، تو اس کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ لیکن اگر حکومت اس موقع کو سماجی انصاف کی نئی بنیاد رکھنے کے لیے استعمال کرے، تو یہ مردم شماری نہ صرف ایک گیم چینجر ہوگی بلکہ ہندوستانی جمہوریت کی نئی سمت کا تعین بھی کرے گی۔

Ishaqgora@gmail.com

# کامیاب حکمت عملی

پہلگام میں ہوئے قتل عام کا ہندوستان نے منگل کی آدھی رات پاکستان اور مقبوضہ کشمیر میں دہشت گرد ٹھکانوں پر حملہ کر کے معقول جواب دے دیا ہے۔ ہندوستانی کی اس کارروائی سے پورے ملک میں خوشی ہے۔ پہلگام حملے میں مارے گئے لوگوں کے اہل خانہ سمیت ملک بھر کے لوگوں کے سینوں میں اس کارروائی سے ضرور ٹھنڈک پہنچی ہو گی۔ پہلگام حملے کے لیے ذمہ دار گروپوں سے جڑے دہشت گرد ڈھانچے کو نشانہ بنا کر یہ آپریشن عین مطابق کیے گئے۔ حکومت ہند نے تصدیق کی ہے کہ سبھی 9 ٹھکانوں پر کامیابی کے ساتھ حملے کیے گئے لیکن اس کارروائی سے پاکستان میں کسی بھی شہری یا فوجی ڈھانچے کو نقصان نہیں پہنچا ہے۔

آر ایس ایس نے آپریشن سندور کو انصاف کی شروعات قرار دیتے ہوئے اس کی بھرپور ستائش کی ہے۔ آپریشن سندور میں بہاولپور میں واقع جیش محمد کا گڑھ اور مرید کے میں لشکر طیبہ کا اڈہ شامل ہیں۔ یہ دونوں وہ تنظیمیں ہیں جنھوں نے ہندوستان کو ایک عرصہ سے پریشان کر رکھا ہے۔ ہندوستان نے بار بار اس سمت میں کارروائی کے لئے پاکستان سے کہا بھی ہے لیکن آئے دن کے حملوں سے تنگ آ کر آخر کار بھارت سرکار کو یہ قدم اٹھانا پڑا۔ اور بلاشبہ یہ بھارت کا حق ہے جس کا اس نے استعمال کیا ہے اور اس کے لئے کوئی بھی اسے کچھ کہنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ اگر یہ اطلاعات درست ہیں کہ اس آپریشن میں 70 سے 90 لوگ مارے گئے ہیں تو پاکستان کی طرف سے بھی کوئی نہ کوئی کارروائی کی جائے گی خواہ وہ کسی بھی سطح کی ہو۔ چاہے اپنے لوگوں کو دکھانے اور ان کے منہ بند کرنے کے لئے ہی کی جائے۔

وزیر اعظم نریندر مودی پر پورے ملک کی طرف سے دباؤ بھی تھا کہ آخر کار وہ خاموش کیوں ہیں آخر کار انھوں نے وہ کر دکھایا جس کی کسی نے امید بھی نہیں کی تھی۔ بالخصوص دشمن نے تو سوچا بھی نہیں تھا کہ اس طرح کا حملہ ہو جائے گا اور اتنے لوگ مارے جائیں گے یعنی ایک طرح سے دہشت گردی کو نیٹ ورک کو ہی ختم کر دیا ہے۔ حالانکہ یہ صرف ایک بانگی ہے۔ ظاہر ہے کہ صرف اتنے ہی اڈے نہیں ہوں گے۔ اس طرح کے ٹھکانے اور بھی ہوں گے اور دہشت گرد بھی اور بہت سے ہوں گے لیکن اب ان کو ایک بار سوچنا ضرور پڑے گا۔ حکمت عملی کو نہایت کامیاب اس لئے کہا جائے گا کہ اس حملہ میں اس بات پر زور دیا گیا کہ پاکستانی عوام اور فوج کو نقصان پہنچائے بغیر صرف دہشت گردوں اور ان کے اڈوں کو نشانہ بنایا گیا، جو ایک بڑی کامیابی ہے۔ اس سے یہ بھی ثابت ہو گیا کہ ہندوستان جنگ نہیں چاہتا بلکہ امن چاہتا ہے اور اس کے لئے پاکستان کی طرف سے قابل ذکر کارروائی کبھی نہیں کی گئی۔

'آپریشن سندور' شروع کیے جانے کے بعد پاکستان مسلسل جوابی کارروائی کی دھمکی دے رہا ہے۔ لیکن وہ عالمی میڈیا اور اقوام متحدہ کو کیا جواب دے گا۔ جو کارروائی بھارت نے کی ہے اس کے لے بھارت کو قصوروار کیسے ٹھہرایا جائے گا۔ نیوز پورٹل 'آج تک' پر شائع رپورٹ کے مطابق پاکستان کے سیالکوٹ، لاہور اور ایک اور شہر میں پاکستانی فوج کی ایئر ڈیفنس یونٹ کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ رپورٹس کے مطابق، سیالکوٹ، راولپنڈی، چکوال، بہاولپور، میانوالی، کراچی، اٹک، چور، میانو اور گوجرانوالہ سمیت 15 شہروں میں پاکستانی فضائی دفاعی نظام کو نقصان پہنچا ہے۔ اور اسی تناظر میں ایک پاکستانی صحافی کو یہ کہتے ہوئے دیکھا اور سنا گیا کہ بھارت کہتا تھا کہ گھر میں گھس کے ماریں گے تو واقعی اس نے ہمارے گھر میں گھس کر مارا ہے۔ اس نے یہ بھی کہا کہ ہمارا دفاعی نظام کچھ نہیں کر سکا۔ بھارت کے ایک بھی میزائل کو روکا نہیں جا سکا۔

حکومت ہند کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ 8 مئی کی صبح ہندوستانی افواج نے پاکستان کے کئی علاقوں میں ایئر ڈیفنس رڈار اور سسٹمز کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کی اشتعال انگیزی کے جواب میں ہندوستان نے یہ کارروائی کی اور اسے "اسی شدت" سے جواب دیا گیا ہے۔ حکومت ہند کے مطابق، گزشتہ رات یعنی 7 اور 8 مئی کی درمیانی شب پاکستان نے جموں و کشمیر، پنجاب، راجستھان اور گجرات کے کئی علاقوں میں ڈرونز اور میزائلوں سے حملے کی کوشش کی۔ اہداف میں سری نگر، جموں، پٹھان کوٹ، امرتسر، جالندھر، بھٹنڈہ، چنڈی گڑھ، فلودی اور بھج شامل تھے۔ تاہم، ہندوستانی ایئر ڈیفنس سسٹمز اور کاؤنٹر یو اے ایس گرڈ کی بروقت کارروائی نے ان حملوں کو ناکام بنا دیا۔

کپواڑہ، بارہ مولا، پونچھ، مینڈھر اور راجوری سیکٹرز میں مارٹر اور آرٹلری سے حملے کیے گئے جن میں 16 شہری جاں بحق ہوئے، جن میں تین خواتین اور پانچ بچے شہید ہو گئے۔ حکومت ہند نے واضح کیا ہے کہ اگرچہ ہندوستان کشیدگی کو بڑھانا نہیں چاہتا لیکن پاکستان کی جانب سے عام شہریوں کو نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے۔ اس لیے فوج نے ضروری جوابی کارروائی کی ہے۔ حکومت نے کہا کہ امن تب ہی ممکن ہے جب پاکستانی فوج اشتعال انگیز کارروائیاں بند کرے اور فائر بندی معاہدے کا احترام کرے۔ سندھ آبی معاہدہ کی معطلی سے لے کر آپریشن سندور تک ہندوستان کے 15 دنوں کے درمیان لیے گئے 15 اہم فیصلوں نے پاکستان کو ہر محاذ پر شکست فاش دے دی ہے۔

☆☆☆☆

# غیر مسلموں سے شادی کا مسئلہ

ڈاکٹر مظفر حسین غزالی



شادی انسان کی فطری ضرورت ہے۔ ہر سماج، مذہبی طبقے میں شادی اور خانگی معاملات کے اپنے اصول وضوابط ہیں۔ جو پرسنل لا کا حصہ مانے جاتے ہیں۔ زمانہ قدیم میں راجہ مہاراجہ اپنی حکومت کی توسیع یا مضبوطی کے لئے اپنے بچوں کی آپس میں شادیاں کرتے تھے۔ شادیاں کاروباری یا سیاسی مفادات کے حصول کا ذریعہ بھی رہی ہیں۔ مغلوں نے بین المذہبی شادیوں کو اپنے اقتدار کے استحکام کے لئے استعمال کیا۔ جس کی ابتداء شہنشاہ جلال الدین اکبر سے مانی جاتی ہے۔ سینئر صحافی سید خالد حسین کے مطابق سن 1562 سے 1715 تک اکبر اور اس کے بیٹے جہانگیر اور پوتے شاہجہاں نے کل 40 شادیاں کیں، جن میں سے 17 شادیاں راجستھان کے ہندو راجپوت مہاراجاؤں کی بیٹیوں اور ان کے خاندانوں کی دیگر عورتوں سے کی تھیں۔ یہ شادیاں مغلوں اور راجپوتوں کی سیاسی ضرورت اور مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے عمل میں آئیں۔ لیکن اس سے بھی تقریباً تین سو سال قبل خلجی خاندان کے سلطان علاؤالدین خلجی نے اور اس کے بعد کئی مسلمان بادشاہوں نے بھارت کے مختلف علاقوں میں ہندو عورتوں سے شادیاں کیں۔ 1960 کی مقبول زمانہ فلم مغل اعظم کے بعد بھارت میں ہندو مسلم شادیوں کا رواج خواص سے عوام میں آ گیا۔ ایسی شادیاں ترقی یافتہ ہونے کی نشانی تصور کی گئیں۔ اس میں اسپیشل میرج ایکٹ 1954 معاون ثابت ہوا۔ یہ قانون بین المذہبی جوڑوں کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔ اس کی وجہ سے مسلم۔ ہندو شادیوں کی شاہی بیماری عوام الناس میں پھیل گئی۔ یہ بیماری شہروں میں زیادہ ہے لیکن اب چھوٹے قصبات اور گاؤں بھی اس کی زد میں آ گئے ہیں۔

ملک میں تمام مذہبی طبقات کے اپنے پرسنل لاز موجود ہیں، یعنی خانگی مسائل میں ان گروہوں کا مذہبی یا روایتی قانون ہی ملک کا قانون ہے۔ ان میں شادیاں انہی قوانین کے تحت ہوتی ہیں۔ مگر 1954 کے اسپیشل میرج ایکٹ میں یہ التزام ہے کہ ایک مذہب یا عقیدہ کو ماننے والا شخص کسی بھی دوسرے مذہب سے تعلق رکھنے والے سے شادی کر سکتا ہے، خواہ وہ مسلم ہو یا ہندو، سکھ ہو یا عیسائی، بدھسٹ ہو یا جین، پارسی ہو یا ملحد۔ اس ایکٹ کے تحت ہوئی شادیوں پر کوئی پرسنل لا لاگو نہیں ہوتا۔ یہ ایکٹ تمام بھارت کے لئے ہے، بشمول ان کے جو بیرون ملک رہتے ہیں۔ ان لوگوں کے لیے یہ ایک متبادل ہے جو بھارت میں ہندو میرج ایکٹ کے تحت اپنی شادی کو رجسٹر کرنے کے اہل نہیں ہیں۔ اسپیشل میرج ایکٹ کے تحت دو الگ مذاہب کو ماننے والے مرد اور عورت اپنی شادی کا اندراج میرج رجسٹریشن دفتر میں کرا سکتے ہیں۔ جو سب بڑے شہروں میں موجود ہیں۔ درخواست دینے والے جوڑے کو سب رجسٹرار 30 دن کا نوٹس دیتا ہے۔ اسکی کاپی دفتر کے نوٹس بورڈ پر لگا دی جاتی ہے۔ اگر اس مدت کے اندر رجسٹرار کو ان کی شادی سے کسی کا اعتراض وصول نہیں ہوتا تو شادی رجسٹر ہو جاتی ہے۔ یہ عمل شادی کو بغیر کسی مذہبی تقریب کے مکمل کرنے کے قابل بناتا ہے۔ دراصل اسپیشل میرج ایکٹ کو بنانے کا مقصد پرسنل لاز کو کمزور کر کے یکساں سول کوڈ کے لئے راہ ہموار کرنا تھا۔ بی جے پی حکومت کے دوران اس پر تیزی سے کام ہو رہا ہے۔

اسپیشل میرج ایکٹ کے نتیجہ میں بین المذہبی شادیوں میں سال در سال اضافہ ہو رہا ہے۔ 2013 میں ہوئے ایک قومی سروے کے مطابق 1981 کے مقابلہ 2005 میں بین المذہبی شادیاں تقریباً دوگنا ہو گئیں۔ 1981 میں اس طرح کی شادیوں کا تناسب کل شادیوں کا 1.6 فیصد تھا جو 2005 میں بڑھ کر 2.7 فیصد ہو گیا۔ نیشنل فیملی ہیلتھ سروے 2004-2005 میں 2.1 فیصد شادیاں بین المذہبی تھیں۔ جبکہ ٹائمز آف انڈیا کے سروے 2016 سے معلوم ہوتا ہے کہ ملک کے مختلف میرج رجسٹریشن دفاتر میں 2013-2014 میں 2,624 بین المذہبی شادیاں رجسٹر کی گئیں۔ مگر ایک سال بعد، یعنی 2015-2016 میں، صرف بنگلور میں ہی یہ تعداد بڑھ کر 10,655 ہو گئی۔ 2015 سے جنوری 2016 تک 8,391 بین المذہبی شادیاں رجسٹرڈ ہو چکی تھیں جو کہ 2013-2014 کے مقابلہ میں تین گنا سے بھی زیادہ ہیں۔ 2020 کے ایک امریکی سروے میں پایا گیا کہ بھارت میں ہندوؤں سے زیادہ مسلمان دوسرے مذاہب کے لوگوں سے شادی کرتے ہیں۔ واشنگٹن کے غیر جانبدار تھنک ٹینک پیو ریسرچ سینٹر کے مطابق 2 فیصد مسلمان غیر مسلموں سے شادی کرتے ہیں جبکہ صرف 1 فیصد ہندو غیر ہندوؤں سے شادی کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ہندوستان کی 25 کروڑ مسلم آبادی میں سے 10 کروڑ مسلمان شادی شدہ ہیں تو ان میں سے 20 لاکھ غیر مسلم شوہر یا بیوی ہیں، یعنی تقریباً 10 لاکھ مرد اور 10 لاکھ خواتین۔ اس سروے سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ تقریباً تمام میاں بیوی، چاہے وہ مسلمان ہوں، ہندو ہوں یا سکھ، عیسائی یا پارسی، شادی کے بعد سب اسی مذہب پر قائم رہتے ہیں جس میں ان کی پرورش ہوئی ہے کیونکہ ہندوستان میں مذہبی تبدیلی کی شرح 1 فیصد سے بھی کم ہے۔ اگر یہ حقیقت تشویش کا باعث نہیں تو اور کیا ہے؟

سماجی نا برابری، استحصال اور اونچ نیچ مذہبی تبدیلی کا سبب رہا ہے۔ مسلم معاشرہ میں سماجی مساوات اور خواتین کی بہتر صورتحال نے غیر مسلموں کو ہمیشہ متاثر کیا ہے۔ بھارت کے آئین کی دفعہ 28-25 میں مذہبی آزادی دی گئی ہے۔ جبکہ دفعہ 15 میں مذہب چننے کا حق دیا گیا ہے۔ اسی لئے کچھ عرصہ قبل تک بین المذہبی شادیاں مسلم لڑکوں سے ہندو، سکھ عیسائی لڑکیوں کی ہوا کرتی تھیں۔ بی جے پی نے ایسی شادیوں کو لو جہاد کا نام دے کر خوب شور مچایا۔ جب اس سے بات بنتی دکھائی نہیں دی تو ہندو لڑکیوں اور خواتین کو تین طلاق، حلالہ کو غلط طریقہ سے پیش کر کے یہ بتانے کی کوشش کی گئی کہ ہندو عورتوں سے زیادہ مسلم خواتین مظالم کی شکار ہیں۔ اسی کے ساتھ تبدیلی مذہب کے قانون کو سخت بنانے کی کوشش کی گئی۔ اس کے بعد بھی اگر کسی نے مذہب بدلنے کی کوشش کی تو بھگوا غنڈوں سے اس پر حملہ کرایا گیا۔ گزشتہ کچھ عرصہ سے ہندو لڑکوں کے ذریعہ مسلم لڑکیوں کو پیار کے جال میں پھنسا کر ہندو بنانے کے واقعات متواتر سامنے آ رہے ہیں۔ اسے گھر واپسی کہا جاتا ہے۔ خبر یہ بھی ہے کہ ہندووادی تنظیموں کے ذریعہ مسلم لڑکیوں کو مرتد بنانے کی مہم چلائی جا رہی ہے۔ مسلم لڑکی سے شادی کر بچہ پیدا ہونے کے بعد ہندو لڑکے کے ذریعہ اسے چھوڑے جانے کے واقعات بھی سامنے آ رہے ہیں۔ کئی معاملوں میں تو لڑکے کے پہلے سے شادی شدہ ہونے یا پھر حاملہ ہونے پر قتل کئے جانے کی بات بھی سامنے آئی ہے۔ یہ صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔

مسلم لڑکیوں کی غیر مسلم لڑکوں سے شادیوں کی مندرجہ ذیل بنیادی وجوہات بیان کی جاتی ہیں:

1. ایمان کی کمزوری: بین المذہبی شادیوں کی سب سے بڑی وجہ مسلمانوں میں ایمان کی کمزوری ہے۔ ایک مضبوط اور حقیقی ایمان کا حامل مسلمان عشق و محبت یا دنیاوی مال و دولت کے لیے کبھی بھی اپنے ایمان کا سودا نہیں کرے گا۔

2. نوجوانوں میں دینی تعلیم و تربیت کی کمی اور اردو، عربی اور دینی اقدار سے ناواقفیت: مسلم نوجوان ہندی / انگریزی ذریعہ تعلیم کے اداروں میں پڑھنے سے غیر مسلموں کے طور طریقوں پر عمل کرنے لگتے ہیں۔ انہیں مسلم معاشرہ غیر ترقی یافتہ لگنے لگتا ہے۔

3. مخلوط تعلیم: مردوں اور عورتوں کا اختلاط مسلم سماج کے لئے خطرے کی گھنٹی ہے۔ یہ اس وقت اور سم قاتل ہو جاتی ہے جب گھر کا ماحول غیر اسلامی ہو۔ والدین اپنی زندگی میں مست ہوں اور بچوں کی طرف سے بے پرواہ۔ ایسی صورت میں بچے غیر مسلموں کی محبت کے جال میں پھنس جاتے ہیں اور دینی تعلیمات کو نظر انداز کر کے شادی کر لیتے ہیں۔

4. مخالف جنس کے ساتھ دوستی: آج کل نوجوانوں میں، خاص طور پر پیشہ ورانہ ملازمتوں میں، مخالف جنس سے دوستی بہت عام ہو گئی ہے۔ یہ آزادانہ تعلقات بھی اکثر و بیشتر بین المذہبی شادیوں کا باعث بنتے ہیں۔

5. غربت یا بروقت شادی کا نہ ہونا: بین المذہبی شادیوں میں غربت اور اس کی وجہ سے بیٹیوں کا بڑی عمر تک کنوارپن کا ہونا بھی ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ کچھ والدین اپنی بیٹیوں کی شادی دوسرے مذہب کے لڑکوں سے کرنے پر اس لئے مجبور ہو جاتے ہیں کیونکہ انہیں اپنی بیٹیوں کے لئے اپنی قوم یا برادری میں تعلیمی اور معاشی طور پر مناسب لڑکے نہیں ملتے، یا پھر وہ لڑکے والوں کی طرف سے جہیز کے مطالبات پورے نہیں کر سکتے۔

6. لالچ: بعض اوقات دولت یا اچھے کیریئر کا لالچ بھی ایمان کی قیمت پر بین المذہبی شادی کا انتخاب کرنے پر اکساتا ہے۔

7. جہالت یا کم علمی: زیادہ تر مسلم لڑکے یا لڑکیوں کو معلوم ہی نہیں ہوتا کہ ان کا مذہب غیر مذہب کے لوگوں سے شادی کی اجازت دیتا ہے یا نہیں۔ انجانے میں وہ شادی کر لیتے ہیں۔ لیکن بعد میں جب انہیں پتہ چلتا ہے کہ ان کے مذہب میں ایسی شادی کی اجازت نہیں ہے تو وہ الگ ہو جاتے ہیں۔ مگر تب تک ان کی زندگی برباد ہو چکی ہوتی ہے۔ کئی مرتبہ لڑکیاں تو اس ڈر سے کہ انہیں مسلم سماج اپنائے گا یا نہیں وہ غیر مسلم کے ساتھ رہنے کو مجبور ہو جاتی ہیں۔

8. آزاد خیالی: جو مسلم لڑکے غیر معمولی طور پر وسیع الظرف ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں وہ سوچتے ہیں کہ دماغ کی وسعت اور فکر ہی تمام مسائل کا واحد حل ہے۔ وہ مذہبی حدود کو رکاوٹیں اور پسماندگی کی علامت سمجھتے ہیں۔ ان کے خیال میں شادی ان کا ذاتی معاملہ ہے اور اس کو مذہب سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ لہٰذا وہ بین المذہبی شادیوں کو غلط نہیں سمجھتے۔

9. تعلیم میں توازن کا فقدان: موجودہ دور میں مسلمان لڑکوں کی بہ نسبت مسلمان لڑکیاں تعلیم میں اعلیٰ نمبرات حاصل کر رہی ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے مسلمان لڑکے ان اعلیٰ تعلیم یافتہ لڑکیوں کے لیے مناسب نہیں ہوتے ہیں۔ مسلمان لڑکوں کے مقابلے میں غیر مسلموں کی ترقی کو دیکھ کر بھی متعدد لڑکیوں کو دوسرے مذاہب میں سے اپنے شریک حیات کا انتخاب کرنا بہتر لگتا ہے۔ جو کم از کم تعلیمی قابلیت کے لحاظ سے تو ان کے لیے مناسب ہوتے ہیں۔

10. لڑکیوں کو آزادی: بعض حالات میں مسلمان بچوں کی غیر مسلموں سے شادی کے اصل ذمہ دار والدین خود ہوتے ہیں۔ یہ والدین اپنی بیٹیوں پر بھروسہ کرتے ہوئے انہیں آزاد چھوڑ دیتے ہیں۔ کئی نوجوان بیٹیوں کو مردوں سے ٹیوشن دلانے کو عیب نہیں سمجھتے۔ دونوں ہی صورتوں میں لڑکیاں اس آزادی کا فایدہ اٹھا کر غیر مردوں کے پیار جال میں پھنس جاتی ہیں۔

11. سوشل میڈیا کی لت: سوشل میڈیا کے ذریعہ بہت سے مرد اور عورتیں چیٹنگ، بات چیت اور پھر ایک دوسرے سے گہری محبت کرنا شروع کر دیتے ہیں جو بین المذہبی شادیوں کا ذریعہ بنتی ہے۔

12. فلمی دنیا کا اثر: سالہا سال سے ہندو مسلم فلمی اداکار مخالف مذہب کر اداکاروں سے شادیاں کرتے چلے آئے ہیں۔ ان کی بظاہر خوشحال اور کامیاب زندگی کو دیکھ کر مسلمان لڑکے اور لڑکیاں بھی ان کو اپنا رول ماڈل مانتے ہوئے دوسرے مذاہب کے لوگوں سے شادیاں کر لیتے ہیں۔

13. اندھا پیار اور اندھا بھروسہ: کچھ لڑکیاں غیر مسلم لڑکوں کی سازش سے بے خبر ہو کر انکی چکنی چپڑی باتوں سے دھوکہ کھا جاتی ہیں۔ مثلاً لڑکا لڑکی کو کہتا ہے کہ وہ اسلام سیکھنا چاہتا ہے، اسلام کی بہت عزت کرتا ہے، مسلمان لڑکیوں سے بہت اچھے سے بات کرتا ہے اور اس سے بہت زیادہ پیار کرنے کی بات کرتا ہے۔ تحفے دے کر قربت بڑھاتا ہے۔ والدین نے اگر توجہ نہیں دی تو یہ بین المذہبی شادی کا سبب بن جاتا ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو حکم دیا ہے: "اور مشرک عورتیں جب تک ایمان نہ لائیں ان سے نکاح نہ کرو، اور مشرک عورتوں سے ایمان دار لونڈی بہتر ہے گو وہ تمہیں بھلی معلوم ہو، اور مشرک مردوں سے نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان لائیں، البتہ مومن غلام مشرک سے بہتر ہے اگرچہ وہ تمہیں اچھا ہی لگے، یہ لوگ دوزخ کی طرف بلاتے ہیں، اور اللہ جنت اور بخشش کی طرف اپنے حکم سے بلاتا ہے، اور لوگوں کے لیے اپنی آیتیں کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔" (سورہ البقرہ، آیت 221)

اللہ رب العزت کے اس فرمان کو مدنظر رکھتے ہوئے ضرورت اس بات کی ہے کہ اپنے بچوں کی تربیت کی جائے۔ انہیں دینی تعلیمات سے واقف کرایا جائے۔ گھر کے ماحول اور مسلم معاشرہ کو بہتر بنانے کی کوشش کی جائے۔ انبیاء اور صحابہ کے واقعات بچوں کو سنائے جائیں۔ سوشل میڈیا، آفس میں ساتھ کام کرنے والے بچوں کے ساتھیوں کے بارے میں بات کی جائے۔ شادی کو آسان بنایا جائے اور لالچ کی وجہ سے ہونے والے نقصان کا احساس کرایا جائے۔ اگر رجسٹرار کے آفس سے اس طرح کی کسی شادی کے بارے میں معلوم ہو تو ان بچوں اور ان کے والدین کو سمجھایا جائے۔ یہ کام دینی جماعتوں اور سماجی کارکنوں کے اشتراک سے ہو تو کامیابی ملنا یقینی ہوگا۔ حالات سنگین ہیں لیکن راہ بھی اسی سے نکلے گی بس کوشش اور اللہ پر بھروسہ ضروری ہے۔

☆☆☆☆☆☆

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

